© rasailojaraid.com

## اخبار اہلحدیث

یہ اخبار دین و دنیا کا مجموعہ اس مین مذہبی اور اخلاقی مضامین۔ فتوے اور مخالفین کے اعتراضات کے جوابات اور ایک دو صفحون پر دنیا بہر کی چیدہ چیدہ خبریں درج ہوتی ہین۔ قیمت سالانہ دو روپے بارہ آنے نمونہ کا پرچہ جوابی کارڈ آنے پر مفت

## مسلمان

یہ ایک ماہواری رسالہ ہے جسمین خالص اسلامی مضامین اور مخالفین اسلام کے جوابات ہوتے ہین۔ سالانہ قیمت ۱۲؍

پتہ مینیجر مسلمان امرتسر

## مرقع قادیانی

میرزا صاحب قادیانی مدعی مسیحیت کی تردید مین یہ رسالہ ماہوار بڑی آب و تاب سے نکلتا ہے قیمت سالانہ ۱۲؍

مینیجر مرقع قادیانی امرتسر

## فہرست کتب فروختنی

**چودہویں صدی کا مسیح** مرزا صاحب قادیانی کی سوانح عمری ابتداء ملازمت سے زمانہ مسیحیت تک کے واقعات مفصل بطرز ناول نہایت دلچسپ پیرایہ مین لکھے گئے ہین صفحات ۱۴۵۔ قیمت مجلد مع محصول ۸؍

**الہامات مرزا** اس رسالہ میں مرزا صاحب قادیانی کی پیشگوئیون کی تردید بڑی شرح و بسط سے کی گئی ہے ایسی کہ باوجود تیسری دفعہ چھپنے کے اور دو ہزار روپیہ جواب کے لئے انعام مقرر ہونے کے آجتک مرزا صاحب یا کسی مرزائی کو جواب دینے کی جرأت نہین ہوئی۔ غرض یہ رسالہ قادیانی نبوت توڑنے کے کافی ہے قیمت ۵؍

**مفوات مرزا** مرزا کے مضامین متناقضہ کہ کہین کسی کتاب مین کچھ لکھا ہے پھر کسی دوسری جگہ خود ہی اُسکے برخلاف لکھا ہے قیمت ۲؍

**مرقع قادیانی** بارہ پرچون کی مکمل جلد اول قیمت ایک روپیہ



نمبر اول جلد اول

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

# رسالہ مسلمان

امرتسر۔ بابت مئی سنہ ۱۹۰۸ء

## مسلمان کیوں جاری ہوا؟

اس سوال کے جواب دینے کی ضرورت نہیں۔ آج ہندوستان بلکہ کل دنیا میں اسلام پر جس قدر حملے ہو رہے ہیں کسی شخص سے مخفی نہیں اگرچہ ان حملوں کی روک اور مدافعت ہر ایک فرقہ اور ہر ایک اہل علم اپنے اپنی فہم و فراست کے موافق کرتا ہے جسکی بابت انکے حق میں دعا ہے جزاھم اللہ خیر الجزاء لیکن میرا خیال تو یہ ہے کہ ایسے پر آشوب زمانے میں ہر ایک صاحب زبان اور اہل قلم کا فرض ہے کہ وہ ضرور کچھ نہ کچھ بولے اور کچھ نہ کچھ لکھے کیونکہ پبلک کا مذاق مختلف ہے جو جس مذاق کا ہوگا اپنے اپنے مذاق کے موافق مستفید ہوگا۔ اخبار اہلحدیث میں بھی اگرچہ مخالفین اسلام کے حملات کی مدافعت ہوتی ہے۔ مگر چونکہ اس میں اور قسم کے مضامین بھی ہوتے ہیں اسلئے اس میں اتنی گنجائش نہیں ہوتی کہ کماحقہ مدافعت کر سکے اسلئے میرا خیال ہوا کہ ایک رسالہ خاص اسی موضوع پر جاری کیا جائے۔ خدا کا شکر ہے کہ احباب ہوا خواہان اسلام نے اس تجویز کو منظور کر کے میری حوصلہ افزائی فرمائی جزاہم اللہ

© rasailojaraid.com